

# تکمیلِ قرآن کی دعائیں



عبدالرحمٰن سُدیس

eBooklet

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ اَھْلِ الْقُرْاٰنِ، الَّذِیْنَ ھُمْ اَھْلُکَ وَخَاصَّتُکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اے اللہ! ہمیں اہل قرآن میں سے بنا، جو تیرا کنبہ ہیں اور تیرے خاص بندے ہیں اے بزرگی اور عزت والے رب۔

Al-Huda Publications

تاریخ اشاعت: یکم اپریل 2012ء، 8 جمادی الاول 1433ھ

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H11/4 اسلام آباد پاکستان فون: 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+
کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی پاکستان فون: 34528548-21-92+ 34528547-21-92+

08010025

www.farhathashmi.com
www.alhudapk.com

بسم الله الرحمن الرحيم

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ :

**تَعَاهَدُوا الْقُرْآنَ فَوَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ**

**بِیَدِهٖ! لَهُوَ اَشَدُّ تَفَلُّتًا مِنَ الْاِبِلِ فِیْ عُقُلِهَا**

(صحیح مسلم :1844)

حضرت ابوموسیٰ ؓ سے روایت ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اس قرآن کی حفاظت (دیکھ بھال) کرو

قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے،

یہ قرآن سینوں سے نکل جانے میں اس اونٹ سے زیادہ

تیز ہے جو رسی میں بندھا ہوا ہو اور اسے کھول کر

بھاگ نکلنے والا ہو۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

# تکمیلِ قرآن کی دعائیں

• اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا ھَدَیْتَنَا لِلْاِسْلَامِ وَعَلَّمْتَنَا الْحِکْمَةَ وَالْقُرْاٰنَ.

• اے اللہ! تمام تعریف تیرے ہی لیے ہے کہ تو نے ہمیں اسلام کے لیے ہدایت دی اور ہمیں قرآن وحکمت کی تعلیم دی۔

• اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدَ الشَّاکِرِیْنَ الذَّاکِرِیْنَ، اَلتَّائِبِیْنَ الْمُسْتَغْفِرِیْنَ، اَلصَّآئِمِیْنَ الْقَآئِمِیْنَ، لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا حَمْدًا، وَلَکَ الشُّکْرُ شُکْرًا شُکْرًا، لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ قُلْتَ وَ قَوْلُکَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ وَ اَنْتَ اَصْدَقُ



الْقَآئِلِیْنَ" قُلْ صَدَقَ اللّٰہُ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰھِیْمَ حَنِیْفًا"، وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ حَدِیْثًا، وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰہِ قِیْلًا.

• اے اللہ تیرے ہی لیے تعریف ہے جیسا کہ تعریف کرتے ہیں شکر کرنے والے، ذکر کرنے والے، توبہ کرنے والے، استغفار کرنے والے، روزہ رکھنے والے، قیام کرنے والے، تیرے ہی لیے تعریف ہے، تعریف ہی تعریف اور تیرے ہی لیے شکر ہے، شکر ہی شکر، تیرے لیے تعریف ہے۔تو نے فرمایا اور تیری بات برحق اور بالکل واضح ہے اور تو کہنے والوں میں سب سے سچا ہے یہ کہ "کہہ دیجیے سچ فرمایا اللہ نے، پس پیروی کرو ابراھیم کے طریقے کی جو یکسو تھے"، اور یہ کہ "اللہ سے بڑھ کر بات میں بھلا کون سچا ہوسکتا ہے" اور یہ کہ "اللہ سے بڑھ کر کس کا قول سچا ہوسکتا ہے۔"

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ، اَلْمُتَوَحِّدُ فِی الْجَلَالِ بِکَمَالِ الْجَمَالِ تَعْظِیْمًا وَّتَکْبِیْرًا، اَلْمُتَفَرِّدُ بِتَصْرِیْفِ



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

الشَّاهِدِیْنَ ،وَلِمَا اَوْجَبَ وَاَلْزَمَ غَیْرُ جَاحِدِیْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

• نہیں کوئی الٰہ مگر وہی، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میرا لوٹنا ہے۔ اور ہم اس پر جو ہمارے رب، ہمارے خالق اور رازق نے فرمایا، گواہوں میں سے ہیں اور جو بھی اس نے ہم پر واجب اور لازم کیا اس کو جھٹلانے والے نہیں ہیں اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔

• وَصَلَوٰتُ اللّٰہِ وَسَلَامُہٗ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَاِمَامِ الْمُرْسَلِیْنَ،وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ،وَصَحَابَتِہِ الْغُرِّ الْمَیَامِیْنَ وَزَوْجَاتِہِ الطَّاھِرَاتِ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ ،وَالتَّابِعِیْنَ وَمَنْ تَبِعَھُمْ بِاِحْسَانٍ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ.



• اور اللہ کی رحمتیں اور سلامتی ہو پیغمبر آخر الزماں ﷺ پر اور تمام رسولوں کے امام پر اور آپ ﷺ کی پاکیزہ اور طیب آل پر اور آپ ﷺ کے صحابہ پر جو عظیم اور مبارک ہستیاں ہیں اور آپ ﷺ کی ازواج پر جو پاکیزہ ہیں اور مومنین کی مائیں ہیں اور تابعین پر اور جنہوں نے بھی ان کی احسان کے ساتھ پیروی کی قیامت کے دن تک۔

• اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ عَلٰی نِعَمِکَ الْعَظِیْمَۃِ، وَاٰلَائِکَ الْجَسِیْمَۃِ، حَیْثُ اَنْزَلْتَ اِلَیْنَا خَیْرَ کُتُبِکَ، وَاَرْسَلْتَ اِلَیْنَا اَفْضَلَ رُسُلِکَ، وَ شَرَعْتَ لَنَا اَفْضَلَ شَرَائِعِ دِیْنِکَ، وَجَعَلْتَنَا مِنْ خَیْرِ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ، وَھَدَیْتَنَا لِمَعَالِمِ دِیْنِکَ الَّذِیْ لَیْسَ بِہِ الْتِبَاسَ، وَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی مَا یَسَّرْتَنَا مِنْ تِلَاوَۃِ کِتَابِکَ الْعَزِیْزِ،



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

الْاُمُوْرِ عَلَى التَّفْصِيْلِ وَالْاِجْمَالِ تَقْدِيْرًا وَّتَدْبِيْرًا، اَلْمُتَعَالِىْ بِعَظَمَتِهٖ وَمَجْدِهٖ، "اَلَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا".

نہیں کوئی الٰہ مگر اللہ جو اپنے جلال اور کمالِ حسن میں یکتا ہے عظمت کے اعتبار سے بھی اور بڑائی کے اعتبار سے بھی، جو تمام کاموں کو تفصیلی اور اجمالی طور پر چلانے اور ان کی تدبیر اور تقدیر کرنے میں بالکل اکیلا ہے جو اپنی عظمت اور بزرگی میں بہت بلند ہے۔ "وہ ذات جس نے فرقان اپنے بندے پر نازل کیا تاکہ اس کے ذریعے وہ تمام جہانوں کو خبردار کرنے والا ہو جائے"۔

• لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَلْكَرِيْمُ التَّوَّابُ، اَللَّطِيْفُ الْوَهَّابُ، اَلَّذِىْ خَضَعَتْ لِعَظَمَتِهِ الرِّقَابُ



وَذَلَّتْ لِجَبَرُوْتِهِ الصِّعَابُ وَلَانَتْ لِقُدْرَتِهِ الشَّدَائِدُ السِّلَابُ، رَبُّ الْاَرْبَابِ وَمُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ وَمُنَزِّلُ الْكِتَابِ وَخَالِقُ النَّاسِ مِنْ تُرَابٍ، غَافِرُ الذَّنْبِ وَقَابِلُ التَّوْبِ، شَدِيْدُ الْعِقَابِ

• نہیں کوئی الٰہ سوائے اللہ کے جو کریم ہے اور بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا ہے، جو بہت باریک بین اور بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے، وہ ذات جس کی عظمت کے سامنے گردنیں جھکی ہوئی ہیں اور بڑے بڑے دشوار لوگ اُس کی طاقت کے آگے مطیع ہیں اور بڑی بڑی طاقتیں رکھنے والے اللہ کے آگے نرم پڑ جاتے ہیں۔ تمام پالنے والوں کو پالنے والا اور تمام اسباب کا بنانے والا، کتاب کو نازل کرنے والا اور انسانوں کو مٹی سے پیدا کرنے والا، گناہوں کو معاف کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا، سخت سزا دینے والا ہے۔

• لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ، وَنَحْنُ عَلٰى مَا قَالَ رَبُّنَا وَخَالِقُنَا وَرَازِقُنَا مِنَ



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

اَلَّذِیْ لَا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ، تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ.

• اے اللہ تیری عظیم نعمتوں پر اور تیری کثیر نوازشات پر تیرا شکر ہے جس طرح تو نے ہماری طرف اپنی بہترین کتاب نازل کی اور ہماری طرف اپنا بہترین رسول بھیجا اور تو نے ہمیں سب سے افضل شریعت عطا کی اور تو نے ہمیں بہترین امت بنایا جو لوگوں کے لیے نکالی گئی اور تو نے ہماری رہنمائی کی اپنے دین کی ان نشانیوں کی طرف جن میں کوئی شک نہیں اور تیرا شکر ہے اس پر جو تو نے ہمارے لیے اپنی زبردست کتاب کی تلاوت آسان کردی وہ کتاب جس میں باطل نہ سامنے سے داخل ہوسکتا ہے نہ پیچھے سے اور جو حکمت والے اور قابل تعریف رب کی طرف سے نازل کردہ ہے۔

• اَللّٰھُمَّ اِنَّا عَبِیْدُکَ بَنُوْ عَبِیْدِکَ بَنُوْ اِمَآءِکَ، نَوَاصِیْنَا بِیَدِکَ، نَوَاصِیْنَا بِیَدِکَ، نَوَاصِیْنَا



بِیَدِکَ، مَاضٍ فِیْنَا حُکْمُکَ، عَدْلٌ فِیْنَا قَضَآؤُکَ، نَسْئَلُکَ اللّٰھُمَّ بِکُلِّ اسْمٍ ھُوَ لَکَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَکَ، اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِیْ کِتَابِکَ، اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ، اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَکَ، اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قُلُوْبِنَا وَ نُوْرَ صُدُوْرِنَا، وَ جَلَاءَ اَحْزَانِنَا، وَذَهَابَ هُمُوْمِنَا وَ غُمُوْمِنَا، وَ قَائِدَنَا وَدَلِیْلَنَا اِلَیْکَ وَ اِلٰی جَنَّاتِکَ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ.

• اے اللہ ہم سب تیرے غلام ہیں تیرے غلاموں کی اولاد ہیں، تیری بندیوں کی اولاد ہیں۔ ہماری پیشانیاں تیرے ہی ہاتھ میں ہیں، ہماری



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

پیشانیاں تیرے ہی ہاتھ میں ہیں، ہماری پیشانیاں تیرے ہی ہاتھ میں ہیں، ہمارے معاملے میں تیرا ہی حکم چلتا ہے۔ ہمارے بارے میں تیرے فیصلے عدل پر مبنی ہیں۔ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اے اللہ! تیرے ان تمام ناموں کا واسطہ دے کر جو تو نے خود اپنی ذات کے رکھے یا تو نے ان کو اپنی کتاب میں نازل کیا یا جن کو تو نے اپنی مخلوق میں سے کسی کو بھی سکھایا یا جن کو تو نے خاص کر لیا علم الغیب میں جو تیرے پاس ہے کہ تو عظمت والے قرآن کو ہمارے دلوں کی بہار اور ہمارے سینوں کا نور اور ہمارے دکھوں کا مداوا اور ہماری فکروں اور غموں کو لے جانے والا، ہمارا قائد اور ہماری رہنمائی کرنے والا بنا دے جو تجھ تک اور تیری نعمتوں والی جنتوں تک لے جانے کا باعث بنے۔

• اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنَا مِنْهُ مَا نُسِّيْنَا وَ عَلِّمْنَا مِنْهُ مَا جَهِلْنَا، وَارْزُقْنَا تِلَاوَتَهُ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَ اَطْرَافَ النَّهَارِ عَلَى الْوَجْهِ الَّذِیْ يُرْضِيْكَ عَنَّا.

• اے اللہ! تو ہم کو یاد کرا دے جو بھی ہم بھلا دیے گئے اور سکھا دے ہم کو اس میں سے جس سے ہم لاعلم ہیں اور ہمیں رات کی گھڑیوں اور دن کے اطراف



میں اس کی تلاوت کی توفیق عطا فرما اس طریقے پر جو تجھ کو ہم سے راضی کر دے۔

• اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يُّحِلُّ حَلَالَهُ، وَ يُحَرِّمُ حَرَامَهُ، وَ يُؤْمِنُ بِمُتَشَابِهِهٖ وَ يَعْمَلُ بِمُحْكَمِهٖ، وَ يَتْلُوْهُ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ، عَلَى الْوَجْهِ الَّذِیْ يُرْضِيْكَ عَنَّا.

• اے اللہ! ہمیں بنا دے اُن میں سے جو اس (قرآن) کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حلال ٹھہراتا ہے اور حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام ٹھہراتا ہے اور متشابہات پر ایمان رکھتا ہے اور محکم آیات کے مطابق عمل کرتا ہے اور قرآن کی تلاوت کا حق ادا کرتا ہے ایسے طریقے پر کہ وہ تجھ کو ہم سے راضی کر دے۔

• اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يُّقِيْمُ حُرُوْفَهٗ وَ حُدُوْدَهٗ، وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنْ يُّقِيْمُ حُرُوْفَهٗ وَ يُضَيِّعُ



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

حُدُوْدَهٗ.

اے اللہ! ہمیں اُن میں سے بنا جو قرآن کے حروف اور حدود کو قائم کرنے والا ہو اور ہمیں اُن میں سے نہ بنا جو قرآن کے حروف کو تو قائم کرے مگر حدود کو ضائع کر دے۔

- اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْقُرْاٰنِ، الَّذِیْنَ هُمْ اَهْلُکَ وَ خَاصَّتُکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ.

- اے اللہ! ہمیں اہل قرآن میں سے بنا، جو تیرا کنبہ ہیں اور تیرے خاص بندے ہیں اے بزرگی اور عزت والے (رب)۔

- اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ یَّقْرَءُ الْقُرْاٰنَ فَیَرْقٰی، وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنْ یَّقْرَءُ الْقُرْاٰنَ فَیَشْقٰی، یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

اے اللہ! ہمیں اُن میں سے بنا دے جو قرآن پڑھتا ہے پھر (ایمان، عمل،



آخرت کے درجات میں) ترقی کرتا ہے اور ہمیں اُن میں سے نہ بنا جو قرآن پڑھتا ہے پھر بدبخت ہو جاتا ہے۔ اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

- اَللّٰهُمَّ اَلْبِسْنَا بِهِ الْحُلَلَ، وَاَسْكِنَّا بِهِ فِی الْجِنَانِ الظُّلَلِ، وَ اَسْبِغْ بِهِ عَلَیْنَا النِّعَمَ، وَادْفَعْ بِهِ عَنَّا النِّقَمَ، وَاجْعَلْنَا بِهِ عِنْدَ الْجَزَآءِ مِنَ الْفَائِزِیْنَ، وَ عِنْدَ الْبَلَآءِ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ، وَ عِنْدَ النَّعْمَآءِ مِنَ الشَّاكِرِیْنَ، وَعِنْدَ الْبَلَآءِ مِنَ الصَّابِرِیْنَ، وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنِ اسْتَهْوَتْهُ الشَّیٰطِیْنُ، فَشَغَلَتْهُ بِالدُّنْیَا عَنِ الدِّیْنِ، فَاَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِیْنَ، وَفِی الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ.



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

• اے اللہ! ہمیں اس قرآن کی بدولت زیورات پہنا اور اس کے ذریعے ہمیں جنت کے سایوں میں جگہ دے اور اس کے ذریعے ہم پر نعمتوں کو فراخ کردے اور اس کے ذریعے ہم سے سزائیں دُور کردے اور ہمیں بدلہ ملنے کے وقت اس کے ذریعے سے کامیاب ہونے والوں میں سے بنا دے اور آزمائشوں میں شکر کرنے والوں میں سے بنا دے اور نعمتوں پر شکر کرنے والوں میں سے بنا دے اور مصیبتوں پر صبر کرنے والوں میں شامل کر دے اور ہمیں اُن میں سے نہ بنا جس کو شیطان نے بھٹکا دیا اور اس کو دین سے دور کر کے دنیا میں مشغول کر دیا تو وہ ندامت اٹھانے والوں میں سے ہو گیا اور آخرت میں خسارہ پانے والوں میں سے ہو گیا۔

• اَللّٰھُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ لِقُلُوْبِنَا ضِیَآءً، وَ لِاَبْصَارِنَا جَلَآءً، وَلِاَسْقَامِنَا دَوَآءً، وَلِذُنُوْبِنَا مُمَحِّصًا، وَعَنِ النَّارِ مُخَلِّصًا، وَ عَنِ النَّارِ مُخَلِّصًا، وَ عَنِ النَّارِ مُخَلِّصًا، اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ شَفِیْعًا لَّنَا، وَحُجَّةً لَّنَا لَا حُجَّةً عَلَیْنَا.



• اے اللہ! قرآنِ عظیم کو ہمارے دلوں کے لیے روشنی بنا دے اور ہماری آنکھوں کے لیے جِلا بخشنے والا اور ہماری بیماریوں کے لیے دوا اور ہمارے گناہوں کو مٹانے والا بنا دے اور آگ سے نجات کا ذریعہ بنا دے اور آگ سے نجات کا ذریعہ بنا دے اور آگ سے نجات کا ذریعہ بنا دے۔ اے اللہ! اس (قرآن) کو ہمارے لیے سفارشی بنا دے اور ہمارے حق میں حجت بنا اور ہمارے خلاف حجت نہ بنا۔

• اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنِ اتَّبَعَ الْقُرْاٰنَ فَسَاقَهُ وَ قَادَهُ اِلَی الْجَنَّةِ، وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنِ اتَّبَعَ الْقُرْاٰنَ فَزَخَّ فِیْ قَفَاهُ اِلَی النَّارِ، بِرَحْمَتِکَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ.

• اے اللہ! ہمیں اُن میں سے بنا جو قرآن کی پیروی کرے تو وہ اُسے چلائے اور جنت کی طرف لے جائے اور ہمیں اُن میں سے نہ بنا جس نے قرآن پڑھا مگر اس کو منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ اپنی رحمت کے



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

ساتھ اے زبردست، معاف کرنے والے (رب)!۔

• اَللّٰھُمَّ انْفَعْنَا وَارْفَعْنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ، اَلَّذِیْ رَفَعْتَ مَکَانَهٗ، وَاَیَّدْتَّ سُلْطَانَهٗ، وَ بَیَّنْتَ بُرْھَانَهٗ، وَقُلْتَ یَا اَعَزَّ مِنْ قَائِلٍ سُبْحٰنَهٗ، فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ، ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا بَیَانَهٗ، اَحْسَنِ کُتُبِکَ نِظَامًا، وَاَفْصَحِھَا کَلَامًا، وَاَبْیَنِھَا حَلَالًا وَّ حَرَامًا، فِیْهِ وَعْدٌ وَّ وَعِیْدٌ، وَتَخْوِیْفٌ وَّتَھْدِیْدٌ، لَا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ، تَنْزِیْلٌ مِّنْ حَکِیْمٍ حَمِیْدٍ.

• اے اللہ! ہمیں اس قرآن عظیم کے ذریعے نفع عطا کر اور درجات کی بلندی عطا کر، وہ قرآن جس کا مقام تو نے بلند کیا اور تو نے اس کی دلیل کو مضبوط کیا اور



اس کی دلیل کو واضح کیا اور تو نے کہا اے کہنے والوں میں سب سے زیادہ عزت والے جو پاک ہے ''پس جب ہم اسے (قرآن) پڑھیں تو آپ اس کی قرأت کی پیروی کریں پھر اُسے واضح کرنا ہمارا ہی کام ہے۔'' تیری کتابوں میں سے بہترین (قرآن) نظم و ترتیب کے اعتبار سے اور ان میں فصیح ترین کلام کے اعتبار سے اور حلال اور حرام کو سب سے زیادہ کھول کر بیان کرنے والی، اس میں وعدے بھی ہیں اور وعید بھی، دھمکیاں اور ڈراوے بھی ہیں۔ باطل اس کے آگے سے نہیں آسکتا اور نہ ہی پیچھے سے داخل ہوسکتا ہے، حکمت والے قابل تعریف رب کی طرف سے نازل کردہ ہے۔

• اَللّٰھُمَّ اَوْجِبْ لَنَا بِهِ الشَّرَفَ الْمَزِیْدَ، اَللّٰھُمَّ اَوْجِبْ لَنَا بِهِ الشَّرَفَ الْمَزِیْدَ، وَاَلْحِقْنَا بِکُلِّ بَرٍّ سَعِیْدٍ، وَوَفِّقْنَا لِلْعَمَلِ الصَّالِحِ الرَّشِیْدِ، اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا بِتِلَاوَةِ کِتَابِکَ



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

مُنْتَفِعِیْنَ، وَ اِلٰی لَذِیْذِ خِطَابِهٖ مُسْتَمِعِیْنَ وَلِاَوَامِرِهٖ وَنَوَاهِیْهِ خَاضِعِیْنَ، وَعِنْدَ خَتْمِهٖ مِنَ الْفَآئِزِیْنَ ، وَعِنْدَ خَتْمِهٖ مِنَ الْفَآئِزِیْنَ، وَعِنْدَ خَتْمِهٖ مِنَ الْفَآئِزِیْنَ، وَلِثَوَابِهٖ حَائِزِیْنَ، وَلَکَ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِنَا رَاجِعِیْنَ،وَلَکَ فِیْ جَمِیْعِ شُهُوْرِنَا ذَاكِرِیْنَ، بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ .

• اے اللہ! اس کتاب کے ذریعے ہمیں مزید شرف عطا کر دے، اے اللہ! اس کتاب کے ذریعے ہمیں مزید شرف عطا کر دے اور ہمیں ہر نیکوکار اور خوش بخت کا ساتھ دے اور ہمیں درست اور صالح اعمال کی توفیق دے۔

اے اللہ! ہمیں اپنی کتاب کی تلاوت سے فائدہ اُٹھانے والا بنا دے اور اپنے مرغوب کلام کو غور سے سننے والا بنا دے اور اس کے احکام اور اس کے نواہی کے



آگے جھکنے والا بنا دے اور اس کی تکمیل پر کامیاب لوگوں میں سے کر دے اور اس کی تکمیل پر کامیاب لوگوں میں سے کر دے اور اس کی تکمیل پر کامیاب لوگوں میں سے کر دے اور اس کے ثواب کو جمع کرنے والا اور ہر کام میں اپنی طرف رجوع کرنے والا بنا دے اور (ہمیں) ہمارے تمام مہینوں میں اپنا ذکر کرنے والا بنا دے، اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والے (رب)!

• اَللّٰهُمَّ انْقُلْنَا بِالْقُرْآنِ الْكَرِیْمِ مِنَ الشَّقَاءِ اِلَی السَّعَادَةِ ، وَمِنَ النَّارِ اِلَی الْجَنَّةِ ، وَمِنَ الْبِدْعَةِ اِلَی السُّنَّةِ، وَمِنْ كُلِّ الشُّرُوْرِ اِلٰی كُلِّ الْخُیُوْرِ، بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ!

وَمِنَ الشِّرْکِ اِلَی التَّوْحِیْدِ وَمِنَ السَّیِّاٰتِ اِلَی الْحَسَنَاتِ وَمِنَ الذُّلِّ اِلَی الْعِزَّةِ وَمِنَ



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

الْفَقْرِ اِلَى الْغِنٰى يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ! وَمِنْ اَنْوَاعِ الشُّرُوْرِ کُلِّهَا اِلٰى اَنْوَاعِ الْخَيْرِ کُلِّهَا يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ! بِرَحْمَتِکَ نَسْتَغِيْثُ فَلَا تَکِلْنَا اِلٰى اَنْفُسِنَا وَلَااِلٰى اَعْمَالِنَا طَرْفَةَ عَيْنٍ.

• اے اللہ! ہمیں قرآن کریم کے ذریعے بدبختی سے خوش بختی کی طرف اور آگ سے جنت کی طرف اور بدعت سے سنت کی طرف اور ہر شر سے ہر خیر کی طرف منتقل کر دے، اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے! (ہمیں اس قرآن کے ذریعے ) شرک سے توحید، گناہوں سے نیکیوں، ذلت سے عزت اور تنگدستی سے کشادگی کی طرف منتقل کر دے، اے بزرگی وعزت والے رب! اور شر کی ہر قسم سے بھلائی کی ہر قسم کی طرف منتقل کر دے، اے زندہ اور قائم رکھنے والے! تیری رحمت کے ساتھ ہم فریاد کرتے ہیں۔ پس ہمیں آنکھ جھپکنے کی دیر بھی ہمارے نفسوں اور اعمال کے حوالے نہ کرنا۔



• اَللّٰهُمَّ اِنَّا قَدْ حَضَرْنَا خَتْمَ کِتَابِکَ اِلٰهَنَا، اِلٰهَنَا، اِلٰهَنَا، قَدْ حَضَرْنَا خَتْمَ کِتَابِکَ، وَاَنَخْنَا مَطَايَانَا بِبَابِکَ، فَلَا تَطْرُدْنَا عَنْ جَنَابِکَ، فَلَا تَطْرُدْنَا عَنْ جَنَابِکَ، فَلَا تَطْرُدْنَا عَنْ جَنَابِکَ، وَلَا تَرُدَّنَا عَنْ بَابِکَ، وَلَا تَرُدَّنَا عَنْ بَابِکَ، فَاِنْ رَدَدْتَّنَا فَاِنَّهُ لَا حَوْلَ لَنَا وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِکَ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، يَامَنَّانُ يَامَنْ بِيَدِهِ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَيْءٍ يَامَنْ وَسِعَتْ رَحْمَتُهُ کُلَّ شَيْءٍ يَاوَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا دَائِمَ الْاِحْسَانِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ.



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

• اے اللہ! تحقیق ہم تیری کتاب کی تکمیل کے موقع پر حاضر ہیں اے ہمارے الٰہ! اے ہمارے الٰہ! اے ہمارے الٰہ! ہم تیری کتاب کو مکمل پڑھ لینے کے موقع پر حاضر ہیں۔ ہم نے اپنی سواریاں تیرے دروازے پر لا بٹھائی ہیں پس تو ہمیں اپنی درگاہ سے نہ دھتکارنا، پس تو ہمیں اپنی درگاہ سے نہ دھتکارنا، پس تو ہمیں اپنی درگاہ سے نہ دھتکارنا اور ہمیں اپنے دروازے سے مت لوٹانا، ہمیں اپنے دروازے سے مت لوٹانا۔ اگر تو نے ہمیں لوٹا دیا تو بے شک ہمارے لیے تیرے سوا کوئی مدد اور قوت نہیں ۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے احسان کرنے والے! اے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے۔ اے وہ ذات ! جس کی رحمت ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے۔ اے وسیع مغفرت والے! اے ہمیشہ احسان کرنے والے عظیم محسن!

• نَسْئَلُکَ، اَللّٰھُمَّ اَنْ تَغْفِرَ ذُنُوْبَنَا وَتَسْتُرَ عُیُوْبَنَا وَ تُبَیِّضَ وُجُوْھَنَا وَتَرْفَعَ فِی الْجِنَانِ مَنَازِلَنَا بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. اِلٰھَنَا



وَ بَارِئَنَا وَ خَالِقَنَا وَ رَازِقَنَا عَزَّ جَارُکَ وَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَائُکَ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِکَ لَکَ الْحَمْدُ.

اے اللہ! ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ تو ہمارے گناہوں کو معاف کر دے اور ہمارے عیب چھپا دے اور ہمارے چہروں کو روشن کر دے اور جنتوں میں ہمارے مرتبے بلند کر دے۔ اپنی رحمت کے ساتھ اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے، اے ہمارے معبود اور ہمیں پیدا کرنے والے اور ہمارے خالق! ہمارے رازق! تیری پناہ بہت مضبوط ہے اور تیرے نام بہت پاکیزہ ہیں، نیکی کرنے یا گناہ سے بچنے کی کوئی قوت اور طاقت ہم میں نہیں سوائے تیری توفیق کے، تیرے ہی لیے ہر طرح کی تعریف ہے۔

• اَللّٰھُمَّ اَنْتَ قُلْتَ وَقَوْلُکَ الْحَقُّ "اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ"، اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الدُّعَاءُ وَ مِنْکَ



© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

الۡاِجَابَةُ. وَ اٰخِرُ دَعۡوَانَا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ.

- اے اللہ! تونے فرمایا اور تیرا قول برحق ہے کہ ’’مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔‘‘ اے اللہ! یہ دعا ہے اور تو ہی قبول کرنے والا ہے اور ہماری آخری پکار یہی ہے کہ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔

- اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلۡ مِنَّا خَتۡمَ الۡقُرۡآنِ وَ تَجَاوَزۡ عَنَّا مَا كَانَ فِيۡهِ مِنۡ زِيَادَةٍ اَوۡ نُقۡصَانٍ اَوۡ خَطَاٍ اَوۡ سَهۡوٍ اَوۡ نِسۡيَانٍ.

- اے اللہ! ہم سے اس قرآن کی تکمیل قبول فرما اور اس دوران ہماری کمی بیشی، غلطی اور بھول چوک سے درگزر فرما۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## الھدیٰ ایک نظر میں

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان، قرآن وسنت کی تعلیم اور خدمت خلق کے کاموں میں 1994ء سے کوشاں ہے۔ الحمدللہ آج نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے کئی ممالک میں اس کی شاخیں اسی مقصد کے حصول کے لیے سرگرم عمل ہیں۔

فاؤنڈیشن کے تحت درج ذیل شعبہ جات کام کررہے ہیں۔

**شعبۂ تعلیم وتربیت:** اس شعبہ کے تحت قرآن وسنت کی اور طالبات کی تربیت وکردار سازی کے لیے مختلف دورانیے کے درج ذیل کورسز کروائے جاتے ہیں:

- **تعلیم القرآن:** مکمل قرآن مجید کا لفظی ترجمہ وتفسیر، تجوید، حدیث وسیرت النبیؐ اور فقہ العبادات پر مشتمل کورسز ہیں۔
- **ناظرہ وتجوید اور تحفیظ القرآن:** قرآن مجید کو درست پڑھنے اور حفظ کے کورسز ہیں۔
- **تعلیم الحدیث:** صحیح بخاری، ریاض الصالحین کے منتخب ابواب اور علوم الحدیث پر مبنی ہیں۔
- **روشنی کا سفر:** یہ کورس کم پڑھی لکھی لڑکیوں کے لیے اسلامی تعلیمات پر مشتمل کورس ہے۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

• **روشنی کی کرن:** ناخواندہ خواتین ولڑکیوں کی تعلیم وتربیت کورس ہے۔

• **ریالٹی پچ:** انگریزی زبان میں ہفتہ وار تعلیمی پروگرام ہے۔

• **منارالاسلام:** بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کے لیے ہفتہ وار پروگرام اور ناظرہ قرآن کی تعلیم کے لیے **مفتاح القرآن** پروگرام ترتیب دیا گیا ہے۔

• **فہم القرآن:** رمضان المبارک میں روزانہ ایک پارہ کے ترجمہ اور فہم پر مبنی پروگرام ہے۔

• **سمر کورسز:** گرمیوں کی چھٹیوں میں ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والی ہر عمر کی خواتین، لڑکیوں اور بچوں کے لیے مختصر دورانیے کے کورسز پڑھائے جاتے ہیں۔

• الہدیٰ کیمپس اور برانچز میں تدریس کے علاوہ گھر بیٹھے بذریعہ **خط وکتابت اور آن لائن تعلیم** حاصل کرنے کی سہولت بھی موجود ہے۔

**شعبۂ نشر واشاعت:** قرآن وسنت کی تعلیم کو عامۃ الناس تک پہنچانے کے لیے الہدیٰ پبلی کیشنز کے تحت مختلف موضوعات پر کتب، کارڈز، کتابچے اور پمفلٹس چھپوائے جاتے ہیں اور ان کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی شائع کیا جاتا ہے۔

• قرآن مجید کی قراءت، ترجمہ وتفسیر، حدیث وسیرت النبیؐ، مسنون دعاؤں اور روزمرہ زندگی کے مسائل سے متعلق رہنمائی پر مبنی آڈیو کیسٹس (Audio)، سی ڈیز (CD) اور وی سی ڈیز (VCD) تیار کی جاتی ہیں۔ اسی طرح ریڈیو، ٹی وی اور کیبل چینلز پر چلانے کے لیے بھی پروگرام تیار کیے جاتے ہیں۔

• تحریری اور صوتی مواد مندرجہ ذیل ویب سائٹس:

**www.alhudapk.com   www.farhathashmi.com**

سے بلا معاوضہ ڈاؤن لوڈ کر کے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔

**شعبۂ خدمت خلق:** کے تحت متعدد معاشرتی خدمات سرانجام دی جا رہی ہیں۔ مثلاً

• ذہین اور مستحق طلبہ کے لیے **تعلیمی وظائف** • کچی بستیوں میں **تعلیمی اور رفاہی کام** • **روزگار کی فراہمی** ٹھیلے اور سلائی مشینیں مہیا کر کے • بیوہ اور نادار خواتین کے لیے **ماہانہ وظائف** • **میرج بیورو** بلا معاوضہ سہولت • **دینی وسماجی رہنمائی** • **کفن کی دستیابی** • **خاتون کی میت پر غسل** دینے کا بندوبست • رمضان المبارک میں **راشن کی فراہمی** • عیدالاضحیٰ کے موقع پر **اجتماعی قربانی** • **کنوؤں کی کھدائی** کے ذریعے خشک علاقہ جات میں پانی کی فراہمی • مستحق افراد کے لیے ماہانہ راشن اور کپڑوں کی تقسیم کے لیے • **فری میڈیکل کیمپوں کا قیام** • **قدرتی آفات** کے موقع پر ممکنہ ضروری امداد ۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION